# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: ہر مشکل کا حل | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔
خالی جگہ پُر کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب، پلاسٹک کی تھیلیاں، جملوں کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 81 پر موجود سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔
- 5 کارڈ لیں، جن پر تین ممکنہ جوابات لکھے ہوں، جن میں سے دو غیر متعلقہ اور ایک جواب درست ہو۔ ایک جملے کے چار کارڈ اس طرح سے کل 20 کارڈ بنائیں۔
- یہ کارڈ اور جملوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں ایک جملے اور اس سے متعلقہ ممکنہ جوابات کے کارڈ ہوں۔
- بچوں کو 5 گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔
- پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب پر دیا ہوا سوال نمبر 3 بورڈ سے دیکھ کر حل کریں۔ اس دوران میں ان کی رہنمائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ اب ہم خالی جگہ پر کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب ہر گروہ کو سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی چٹیں دیں، جن میں لفظ لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- اس کے علاوہ ہر گروہ کو خالی جگہ پر کرنے کے لیے پرچیاں دیں جن پر دو الفاظ لکھے ہوں۔ ایک لفظ درست اور دوسرا غیر متعلقہ ہو۔ بچوں سے کہیں کہ وہ چٹوں پر لکھا ہوا جملہ پڑھیں۔ اس کے بعد پرچیوں پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں۔
- خالی جگہ مین درست لفظ لکھ خالی جگہ پر کریں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔

| |
|---|
| • اس دوران میں بورڈ پر وہی ادھورے جملے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔ مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا جملہ آیا تھا، پھر خالی جگہ میں درست لفظ لکھ کر جملہ مکمل کرے۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے دوسرے جملوں پر کروائیں۔ بچوں سے جملوں کی بلند خوانی کروائیں۔<br>• اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور سوال نمبر 3 میں دیے گئے سوالات کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر اپنی کاپیوں میں لکھیں۔ اس دوران میں ان کی نگرانی کریں اور جہاں انھیں مشکل پیش آئے، ان کی مدد کریں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں اور سوال نمبر 3 کتاب پر حل کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: ہر مشکل کا حل | |

**مقاصد:** امر و نہی کے جملے ادا کر سکیں۔

الفاظ کے حروف الگ الگ کر کے لکھ سکیں۔

عبارت روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اول"، گیند، جملوں کی چٹیں، گھنٹی

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔
- اور ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں ایک دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو کوئی گیند دیں، جس پر چھے جملوں کی چٹیں اس طرح سے لگی ہوں کہ ان پر لکھے ہوئے جملے نظر نہ آئیں۔ خود گھنٹی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔ اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔
- اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو، گیند پر لگی ہوئی چٹوں میں سے ایک چٹ اتار کر اس پر لکھا ہوا جملہ بتائیں اور اس بچے سے پوچھیں کہ اس جملے میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا گیا ہے یا کام کے کرنے سے منع کیا گیا ہے؟ بچوں سے مزید پوچھیں کہ ان میں سے کن جملوں پر بچے عمل کرتے ہیں؟
- درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچے کو جواب بتانے کا موقع دیا جائے گا۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ کے حروف کو الگ الگ کرنے کی سرگرمی کریں گے۔

- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں الفاظ اور دوسرے میں حروف کی سرخی لکھ دیں۔ اب الفاظ والے خانے میں پر صفحہ نمبر 82 پر سوال نمبر 6 کے تحت دیے ہوئے الفاظ میں سے لفظ "جنگل" لکھیں۔۔ بچوں کو اس کے حروف کو الگ کرنے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔ اور ساتھ ہی حروف "ج-ن-گ-ل" لکھیں۔۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کرواتے ہوئے حروف لکھوائیں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور انھیں ایک ایک سیٹی دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ آپ باری باری مختلف الفاظ بولیں گے / گے۔ انھوں نے الفاظ غور سے سننے ہیں اور انھیں الگ الگ کر کے حروف لکھنے ہیں۔
- اب سوال نمبر 6 کے تحت دیے گئے الفاظ باری باری بولیں۔ جو گروہ پہلے سیٹی بجائے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر ملیں گے اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دین۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔
- سوال نمبر 7 میں دی گئی سرگرمی کروانے کے لئے بچوں کو گروہوں میں تقسیم کریں۔
- متفرق بچوں سے اس عبارت کی درست تلفظ کے پڑھائی کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 6 میں دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے حروف لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:دوم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: ہر مشکل کا حل | |

**مقاصد:** امالہ کو حروف (نے، کو، پر، میں) کے حوالے سے سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، ٹوکری، جملوں پر مشتمل پرچیاں، تصویریں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں پوچھیں۔ بچوں سے کہیں کہ آج ہم اپنے کام کا آغاز ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے کریں گے۔
- بچوں کو ایک ٹوکری میں کچھ چیزیں دکھائیں۔(ٹافیاں، پنسل، ربڑ، شاپنر، ڈائری، وغیرہ) سب کو اپنی مرضی کی چیزیں اُٹھانے کا موقع دیں۔ بچوں نے جو جو چیزیں اُٹھائی ہوں ان سے گننے کے لیے کہیں۔ جن بچوں نے ایک ایک چیز اُٹھائی تھی، انھیں ایک قطار میں کھڑا کر دیں۔ باقی جن بچوں نے ایک سے زیادہ چیزیں اُٹھائی ہوں ان سے سوالات کریں۔ آپ نے ٹوکری میں سے کتنی چیزیں اٹھائی تھیں؟ بچوں کے بیانات کو تختہ بورڈ پر لکھتے جائیں۔(چیزوں کے نام بھی) جیسے: ایک پنسل یا دو پنسلیں۔ جن بچوں نے ایک ایک چیز اُٹھائی تھی، ان کے بیانات بھی بورڈ پر لکھیں۔
- اب باری باری بچوں سے پڑھنے کے لیے کہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ جو چیز ایک تھی اسے واحد کہتے ہیں، اور جو چیزیں دو یا دو سے زیادہ تھیں انھیں جمع کہتے ہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب بچوں کو مختلف چیزوں کی تصاویر دکھائیں۔ ان تصاویر کے پیچھے ان کے نام لکھے ہو، جیسے: طوطا، گھوڑا، تحفہ، دروازہ وغیرہ۔ ان کے ناموں میں موجود حروف "ا" اور "ہ" کو خط کشیدہ کر دیں۔

  بچوں سے الفاظ کی بلند خوانی کروائیں۔

  اب بورڈ پر جملہ لکھیں: بچہ نے جھولا جھولا۔
- بچوں سے جملہ پڑھوائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ اس جملے میں کیا غلطی ہے؟ بچوں کے جوابات لیں۔
- اب بورڈ پر یہ جملہ لکھیں:

  بچے نے جھولا جھولا۔

- اب جملے میں "نے" اور "بچے" کو نمایاں کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ اگر "الف" "یا" "ہ" پر ختم ہونے والے الفاظ کے بعد الفاظ "سے، کو، پر، میں نے" آجائیں تو "ا" "یا" "ہ" کو "ے" سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے اوپر دیے ہوئے جملے میں کیا گیا ہے۔ اسے "امالہ" کہتے ہیں۔ لیکن یہ الفاظ جمع نہیں کہلاتے۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے وضاحت کریں۔

اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں امالہ کے بغیر جملے اور دوسرے میں امالہ کے ساتھ جملے کی سرخی لکھ دیں۔ اب امالہ کے بغیر والے کالم میں سوال نمبر 5 کے تحت دیا گیا پہلا جملہ لکھیں۔ بچوں سے جملہ پڑھوائیں۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ اس جملے میں امالہ کے لحاظ سے کیا غلطی ہے؟ بچوں کے جوابات لیں۔ اب اس جملے کو درست کر کے امالہ کے ساتھ والے کالم میں لکھیں اور پڑھائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر کروائیں۔

| امالہ کے بغیر جملے | امالہ کے ساتھ جملے |
|---|---|
| لڑکا کو سکہ ملا۔ | لڑکے کو سکہ ملا۔ |
| گھڑا میں پانی ہے۔ | گھڑے میں پانی ہے۔ |
| دروازہ پر کون ہے؟ | دروازے پر کون ہے؟ |
| محلہ کی صفائی ضروری ہے۔ | محلے کی صفائی ضروری ہے۔ |
| گھوڑا نے چارا کھایا۔ | گھوڑے نے چارا کھایا۔ |

- اب سوال نمبر 8 میں دیے ہوئے جملوں پر مشتمل پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ بچوں کے 5 گروہ بنا دیں۔ یہ ٹوکری ایک گروہ کے بچوں کو دیں۔ اس گروہ کے بچے ٹوکری میں سے پرچیاں نکال کر ان پر لکھے ہوئے جملے باری باری پڑھیں اور انھیں امالہ کے لحاظ سے درست کر کے جملے دوبارہ لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں امالہ کے بغیر جملے اور دوسرے میں امالہ کے ساتھ جملے کی سرخی لکھ دیں۔ اب امالہ کے بغیر والے کالم میں سوال نمبر 5 کے تحت جملے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس جملے کی پرچی آئی ہو گی، اس کا کوئی بچہ آکر بورڈ پر وہ جملہ تلاش کر کے امالہ کے ساتھ والے جملے میں اس جملے کو درست کر کے لکھے گا۔ درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گی۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں امالہ کے بغیر جملے اور دوسرے میں امالہ کے ساتھ جملے کی سرخی لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے امالہ کے لحاظ سے جملے درست کروا کر لکھوائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: ہر مشکل کا حل | |

**مقاصد:** موضوع پر اظہارِ خیال کر سکیں۔
دیئے گئے موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختہ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ کیا انھوں نے موضوع سے متعلق تقریر تیار کی ہے؟ بچوں کو بتائیں کہ آج آپ موضوع سے متعلق تقاریر پیش کریں گے۔ کچھ بچوں کو میزبان اور کچھ بچوں کو کمپیئرنگ کرنے کی ہدایت دیں۔ بچوں کو کمپیئر اور میزبان کے فرائض کے بارے میں بتائیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنادیں اور ہر گروہ کو ایک نام دے دیں۔ جیسے: گروہ چاند، گروہ سورج، گروہ ہوا، گروہ بارش۔ ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کریں۔ اب ہر گروہ میں دیے گئے موضوع "مل جُل کر رہنا اچھی عادت ہے" پر تقریر تیار کروائیں۔ تقریر تیار کروانے کے لیے بچوں کو موضوع سے متعلق اہم معلومات فراہم کریں۔

معلومات پر مبنی پرچیاں ہر گروپ میں تقسیم کریں اور انھیں ہدایت دیں کہ بچے مل کر دی گئی معلومات پر تقریر تیار کریں۔

باری باری ہر گروپ کے پاس جائیں اور لب و لہجے کے اتار چڑھاؤ، تلفظ اور ہاتھوں کے اشاروں کا استعمال کرتے ہوئے تقریر تیار کرائیں۔

- بورڈ پر عنوانات لکھیں "درخت لگاؤ، ماحول بچاؤ"، میرا گھر" اور "ہمارا اسکول"
- اب تختہ تحریر پر چار اسٹکی نوٹس چسپاں کر دیں، جن کی اندر کی جانب گروہ آسمان، گروہ بادل، گروہ دھنک اور گروہ سورج لکھے ہوں۔
- اب کسی ایک گروہ کے بچے کو تقریر کے لیے بلائیں۔ اس طرح سے باری باری تمام گروہوں سے ان کی لکھی ہوئی تقریر سنیں۔ آخر میں تمام گروہوں کی تعریف کریں اور تقریر کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب بچوں سے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- اپنے دوست کی چار اچھی عادتیں بتائیں۔
- اچھا دوست کون ہوتا ہے؟ وغیرہ

- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک اچھے دوست کی خوبیاں لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب بورڈ پر لکھیں:

**ایک اچھے دوست میں کون کون سی خوبیاں ہوتی ہیں؟**

- بورڈ پر خاکہ بنائیں اور اس کی مدد سے بچوں کو موضوع کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔
- اب بچوں کے تین گروہ بنا دیں، انھیں تین سادہ شیٹیں دیں اور انھیں موضوع سے متعلق پانچ جملوں پر مشتمل مربوط عبارت لکھنے کے لیے کہیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس کے لیے بورڈ پر لکھے ہوئے اہم نکات سے مدد لے سکتے ہیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی عنوان پر لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم اس کے بارے میں زیادہ سے زیادہ جانتے ہوں۔ الفاظ کا بہترین چُناؤ کریں اور مختصر پیرائے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ اس طرح کہ تمام اہم معلومات کا احاطہ بھی ہو جائے اور تحریر بھی بوجھل نہ ہو۔
- اس دوران میں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے، ان کی رہنمائی کریں۔ اس دوران میں بورڈ پر تین کالم بنا کر ان میں گروہ 1، گروہ 2 اور گروہ 3 کی سرخی دے دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے باری باری ان کی لکھی ہوئی عبارت سنیں۔ ساتھ ساتھ ہر گرہ کے نمبر بورڈ پر متعلقہ گروہ کے کالم میں لکھ دیں ۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔
- اب بورڈ پر اچھے دوست کی خوبیوں سے متعلق عبارت لکھیں۔ بچوں کو دو سے تین بار پڑھائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کاپیاں کھولیں اور عبارت بورڈ سے سے دیکھ کر لکھیں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیں اور جہاں ضروری ہو، ان کی رہنمائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں سے اچھے دوست کی خوبیوں سے متعلق عبارت بورڈ پر لکھوائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | اسباق کے نام: ایک دوسرے کا سہارا ، اچّھا بچہ (دہرائی) | |

**مقاصد:** اسباق کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت دوم کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ سبق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں۔ تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام سوالات کی دہرائی کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور ورک شیٹ حل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں۔

**اعادہ:** N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ

**20منٹ**

(الف) سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ فاطمہ چھٹی کے دن بستہ کیوں کھولے بیٹھی تھی؟

_______________________________________

۲۔ پیشہ کسے کہتے ہیں؟

_______________________________________

۳۔ فوجی کیا کام کرتا ہے؟

۴۔ ہمارے لیے فصلیں کون اُگاتا ہے؟

(ب) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| مَدرِسَہ | | لَڑائی بِھڑائی | |
| شَوق | | سُتھرا | |
| بُرائی | | اَدَب | |

(ج) کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| ہر اِک کام اپنا، | جِس نے پیدا کِیا ہے |
| یہ سارا جہاں | صاف اپنا رکھوں گا |
| لباس اور بدن | اپنے اُستاد کا میں |
| ہمیشہ بُرائی سے، | خُوشی سے کرُوں گا |
| کرُوں گا اَدَب، | نَفرت کرُوں گا |

(د) دیے ہوئے الفاظ کے حروف الگ کر کے لکھیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | اسباق کے نام: بابائے قوم قائد اعظمؒ ، بچت کریں، مدد کریں ، ہر مشکل کا حل (دہرائی) | |

**مقاصد:** اسباق کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت اول کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ سبق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں۔ تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام سوالات کی دہرائی کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور ورک شیٹ حل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں۔

**اعادہ:** N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ

**20منٹ**

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| لِیڈر | | ہِمّت | |
| رَاہ نُمائی | | بزرگ | |
| مایُوس | | مَزار | |

(ب) سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ قائداعظم رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے کہاں گئے؟

---

۲۔ قائداعظم رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ اور مسلمانوں کی دن رات محنت کا کیا نتیجہ نکلا؟

---

۳۔ احمد اور ندا نے امی جان کی آواز کیوں نہ سنی؟

---

۴۔ زاہد اور شاہد اپنی ہر مشکل کا حل کیسے نکالتے تھے؟

---

(ج) دیے ہوئے کلمات کے مہمل دی گئی جگہ پر لکھیں۔

| کلمات | مُہمل |
|---|---|
| موٹا | |
| گڑیا | |
| گول | |
| روٹی | |
| چائے | |

(د) دیے ہوئے جملوں میں درست فعل لکھ کر جملے مکمل کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| الف امّی کھانا .................... ہیں۔ | پکا رہی | پکا رہا |
| ب نِدا جُھولا .................... ہے۔ | جُھول رہی | جُھول رہا |
| ج حسن خط .................... ہے۔ | لِکھ رہا | لِکھ رہی |
| د بندر درختوں پر .................... ہیں۔ | اُچھل رہے | اُچھل رہا |
| ہ چچا جان اخبار .................... ہیں۔ | پڑھ رہی | پڑھ رہے |

(ز) اپنے سب سے اچھے دوست کے بارے میں سات جملے اپنی کاپی میں لکھیں۔

---

---

---